© rasailojaraid.com



موضوع سے متعلق آیات قرآنی' احادیث نبوی و آثار و اخبار صحابہ' آرا و افکار فقہا اور مسائل شرعی کا ایک بیش قیمت سرمایہ ہے۔ اس کتاب کو جمہوریہ عراق کی وزارت اوقاف کے تحت بابال الرحمان نے محققانہ انداز سے مرتب کیا ہے۔ اور اسی مرتبہ نسخے کو ادارۂ تحقیقات اسلامی کے فاضل محقق جناب سعید احمد نے اردو میں منتقل کیا ہے۔ مترجم نے بعض غیر متعلق حصوں کا ترجمہ حذف کر دیا ہے البتہ کتابیات اور اشاریوں کو مزید بہتر اور جامع بنانے کی سعی کی ہے۔

فاضل مترجم نے ایک ایسی کتاب کا اردو ترجمہ کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے جس کا موضوع مشکل اور عبارت دقیق ہے۔ انھوں نے ترجمے کو آسان اور سادہ بنانے کے لیے جو محنت و کاوش کی ہے اس کا اندازہ اصل کتاب اور ترجمے کے تقابل سے لگایا جا سکتا ہے۔ اگرچہ اس کتاب کا اصل مقصد قانون اور عدل سے متعلق اصحاب کو معلومات فراہم کرنا ہے لیکن ترجمہ اس قدر دلچسپ اور عام فہم ہے کہ اس سے عام لوگ بھی مستفید ہو سکتے ہیں۔

کتاب کو بہت عمدگی سے کمپوز اور طبع کیا گیا ہے۔ تاہم بعض غلطیاں دیکھنے میں آئی ہیں جن کی تصحیح کے لیے اغلاط نامے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ اس کے باوجود کہیں کہیں غلطی رہ گئی ہے' مثلاً جلد اول کے صفحہ ۱۲۹ پر تذکیہ کی جگہ تزکیہ ہونا چاہیے تھا۔ جلد اول کے آخر میں اصطلاحات کا جو اشاریہ دیا گیا ہے اس کے مندرجات (ص: ۲۶۸) کی ترتیب درست نہیں رہی۔ شاید کاپی جوڑتے وقت ایسا ہو گیا ہے۔ امید ہے کہ آیندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کر دی جائے گی۔ جلد دوم میں اصطلاحات کے اشاریے کی عدم موجودگی بری طرح محسوس ہوتی ہے۔ چاروں جلدوں کے اشاریوں کے عنوانات یکساں ہونے چاہییں (ر - ب - ش)۔

**زندگی اور زاویے** : رباب عائشہ - ناشر: بک پروموٹرز' بلاک ۱۹ مرکز ایف سیون' اسلام آباد۔ صفحات: ۲۲۲ - قیمت: ۱۲۰/- روپے

رباب عائشہ کی ہلکی پھلکی تحریروں کا یہ مجموعہ معاشرے کے گھمبیر مسائل کو خوب صورت انداز سے سامنے لاتا ہے۔ کھلی آنکھوں کے ساتھ چلتے پھرتے وہ خواتین کے حوالے سے جن مسائل کا مشاہدہ کرتی ہیں' انھیں اس طرح بیان کرتی ہیں کہ اس کے مختلف پہلو سامنے آ جائیں۔ ٹریفک کا مسئلہ' کشمیر کا بھکاریوں کا مسئلہ' بچوں کی جہالت کا مسئلہ' کل ۵۲ عنوانات ہیں۔ ہر عنوان ایک مسئلہ ہے' کچھ بچے کے عنوان کے تحت' کچھ عورت کے عنوان کے تحت' کچھ معاشرے کے عنوان کے تحت۔ ممتاز مفتی کے بقول: رباب عائشہ ایک عظیم ماں ہے' اس کے دل میں اپنے دکھی بچوں کے لیے بے پناہ ہمدردی ہے۔ (م - ش)

---

حسین فاروق مودودی نے ملک عید محمد پرنٹرز سے چھپوا کر ۵ - اے ذیلدار پارک' اچھرہ' لاہور سے شائع کیا

© rasailojaraid.com